پریس ریلیز

ریزرو بینک آف انڈیا

ویب سائٹ:www.rbi.org.in/urdu

ویب سائٹ:www.rbi.org.in

ای-میل:helpdoc@rbi.org.in

شعبۂ مواصلات، سینٹرل آفس، ایس بی ایس مارگ، ممبئی-400001

فون:0502 2266 22 91 فیکس:22660358 22 91

9نومبر2017

# آر بی آئی نے ''کراڈ جنتا سہکاری بینک لمٹیڈ، کراڈ، ضلع ستارہ، مہاراشٹر کے لئے ہدایات جاری کی

ریزرو بینک آف انڈیا نے (مورخہ 7نومبر 2017 کے ڈائریکٹیو ڈی سی بی ایس۔ سی او ۔ بی ایس ڈی۔ D-4/12.22.126/2017-18/1 ''کراڈ جنتا سہکاری بینک لمٹیڈ، کراڈ، ضلع ستارہ، مہاراشٹر کو پابندی کے تحت رکھا ہے۔ ان ہدایت کے مطابق رقم جمع کرنے والوں (ڈپازٹرس) کو اپنے بینک اکاؤنٹ چاہے وہ بچت کھاتہ ہو، کرنٹ کھاتہ ہو یا کوئی اور ڈپازٹ اکاؤنٹ ہو سے صرف ایک ہزار(-/Rs.1,000) تک کی رقم کی نکاسی کی اجازت ہے وہ بھی آر بی آئی کی ہدایت کی شرط کے حساب سے۔ کراڈ جنتا سہکاری بینک لمٹیڈ غیر ریزرو بینک کی پیشگی اجازت کے اور اس کی ہدایت کی شرطوں کے مطابق کسی بھی طرح کے قرض کی منظوری تجدید نہیں کر سکے گی اور نہ وہ کوئی انویسٹمنٹ اور نہ ہی قرض ادھار لے سکے گی۔ وہ کسی بھی طرح کی اپنی ذمہ داریوں (لائبلیٹیز) کے لئے رقم کی ادائیگی کر سکے گی۔ یہ بینک اپنی کسی بھی پراپرٹی کو فروخت نہیں کر سکے گی اور نہ ہی اس طرح کا کوئی سمجھوتہ کر سکے گی سوائے اس کے جس کے بارے میں ریزرو بینک نے اپنی پابندیوں میں وضاحت کی ہو۔ یہ ہدایات (ڈائریکشنس)9نومبر2017 کے کام کے اختتام سے جاری کئے گئے ہیں۔

ریزرو بینک کے ذریعہ جاری ڈائریکشن کا مطلب اس بینک کا بینکنگ لائسنس منسوخ ہونا نہیں ہے۔ بینک کچھ پابندیوں کے ساتھ جب تک کہ اس کی مالی حالت میں سدھار نہیں ہو جاتا اپنی بینکنگ بزنس کو جاری رکھے گی۔ ریزرو بینک حالات کو مدنظر رکھ کر اپنی ان پابندیوں میں سدھار کرنے پر غور کر سکتی ہے۔

ریزرو بینک نے بینکنگ ریگولیشن ایکٹ 1949 کے سیکشن 35A کے سب سیکشن (I) جس کو سیکشن 56 کے ساتھ ملا کر پڑھا جائے کے تحت حاصل اپنے اختیارات کا استعمال کرتے ہوئے اس بینک پر یہ پابندیاں عائد کی ہیں۔ ان ڈائریکشنس کی ایک کاپی عوام کی جانکاری کے لئے بینک احاطہ میں مظاہرہ کے لئے رکھ دی جائے۔

**پریس ریلیز**1292/2017-2018

**اجیت پرساد**

**اسسٹنٹ ایڈوائزر**